جلد (۴۱)

نمبر (۵۲)

RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۸ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۳۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

منظوری ٹھیکہ مرغ آبیان

۔۔ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ مرغ آبیان بحساب فی پرایک روپیہ (عہ ۱) تین آنے چھ پائی ہر مصارف باورچیخانہ جات خاصہ من ابتدا ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء لغایت ۔۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء بنام سدن خان ۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ مرغ آبی مصارف باورچیخانہ جات خاصہ بحساب فی پر (عہ ۱) برائے یکسال لغایت ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء منظور ہے ۔ مسل بغرض اجرا احکام واپس ہو ۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نکل صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ ۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ اجناس

۔۔ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ اجناس پیداوار فصل خریف مفصلہ تحت بنا برصرف کارخانہ جات ذیل بحہ

۹ دسمبر ۱۹۲۹ء

حکم

بموجب رپورٹ بنک امتناعی مصارف کارخانہ جات بابتہ سنہ ۱۹۳۰-۱۹۲۹ء پیداوار فصل خریف منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی اجرا بر احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۹ دسمبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نام جنس	تعداد جنس	تفصیل کارخانہ جات	نرخ جنس	نام خریدار
باجرہ	[illegible]	بار برداری خانہ	[illegible]	حبیب اللہ خان
دھان بیگمی	[illegible]	آدا خانہ	۱۰ ۔	بیاری لال
برنج	[illegible]	فیلخانہ	۵ ۔	بشیر احمد
دال مونگ	[illegible]	مطبخ خاص - مطبخ - اصطبل	۴ ۔	بشیر احمد
نخود	[illegible]	مکان خانہ	۱۲ ۔	بشیر احمد
دال ماش	[illegible]	توپ خانہ - شتر خانہ - فیلخانہ	[illegible]	لیکھراج

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقعہ ۱۲ دسمبر ۱۹۲۹ء

رپورٹ صاحب منتظم سکریٹری بہادر سے واضح ہوا کہ بحکم ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۹ء احکام جاری ہوگئے ہیں کہ حسابات آڈٹ بھیجے جائیں تو ان میں فہرست کاغذات لگائی جائے اور رسید وغیرہ کے لئے آخر میں ایک سادہ ورق شامل کیا جائے۔

یہ حکم درج گزٹ ہوچکا ہے لیکن اس حکم کی پابندی بہت کم ہورہی ہے۔ اور حسابات آڈٹ میں بلا فہرست وغیرہ کے آرہے ہیں۔

۲- جمع خرچ جو حسابات آڈٹ ہوتے ہیں ان میں ترتیب کو ملحوظ نہیں رکھا جاتا۔ ضرورت ہے کہ ہر کاغذات منظوری تخمینہ سب بالترتیب شامل کئے جائیں۔

۳- جمع خرچ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک معمولی دوسرے غیر معمولی۔ معمولی جمع خرچ کی اسطرح ترتیب رکھنے کی ضرورت ہے کہ سب سے پہلے فہرست کاغذات رہے اسکے بعد حیثیت کی رپورٹ اسکے بعد فارم حسابات پھر رسیدات وغیرہ۔

۴- غیر معمولی جمع خرچوں میں اول تخمینہ کی منظوری ہوتی ہے۔ اسکی ترتیب اسطرح ہونا چاہئے کہ سب سے اول فہرست کاغذات اسکے بعد کاغذات منظوری تخمینہ۔ اسکے بعد رپورٹ و فارم حساب پھر رسیدات وغیرہ۔

۵- ہر جمع خرچ پر اندراجات بعدد نمبر شمار گوشوارہ پر جسطرح کہ مسل میں نمبر ڈالے جاتے ہیں ہونا چاہئے اور جسکا تذکرہ کسی صیغہ میں اور شامل ہو وہ فہرست میں درج ہونا ضرور ہے۔

لہذا موجب رپورٹ کل احکام جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۴ دسمبر ۱۹۲۹ء

مثل معروضہ داشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ سید انوار حسین منصرم بادرچیخانہ ہندوستانی خاصہ من ابتدا ۱۵ دسمبر ۱۹۲۹ء بضرورت مرمت مکان بکارگزاری نائب منصرم۔

حکم

سید انوار حسین منصرم بادرچیخانہ ہندوستانی خاصہ کی رخصت یکماہ بموجب رپورٹ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۸ دسمبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ دسمبر ۱۹۲۹ء

مثل معروضہ داشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت چند یوم چھیلا خان منصرم مہمانخانہ بوجہ اپریشن چشم

حکم

بموجب رپورٹ چھیلا خان منصرم مہمانخانہ کی مزید رخصت ۱۵ یوم بسلسلہ سابقہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۹ء دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۶ دسمبر ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ سردار صاحب دربارہ پانچروپیہ اضافہ در تنخواہ موجودہ چندی سہائے پیشکار بوجہ حسن انجام دہی خدمت متعلقہ از یکم اکتوبر ۱۹۲۹ء

حکم

چندی سہائے پیشکار کی موجودہ تنخواہ میں مبلغ پانچروپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ سوئم ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ۷ ر ۱۰۲ ر		۱۰۷ ر	۱۰۱ ر	۱۰۶ ر	۱۰۷ ر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود فاختی	۱۵ ر ۱۰۵ ر		۱۵ ر	۱۱۵ ر	۱۵ ر	۱۵ ر	
نخود کرہ آمیز	۰		۱۰۵ ر	۱۰۶ ر	۱۰۵ ر	۱۰۵ ر	
[illegible]	۱۰۶ ر ۱۰ ر		۱۲ ر	۷ ر	۰	۱۲ ر	
ماش	۵ ر ۵ ر		۱۵ ر	۱۰۵ ر	۱۵ ر	۱۵ ر	
مونگ	۱۳ ر ۱۰۳ ر		۱۰۵ ر	۱۰۳ ر	۰	۱۵ ر	
مکا	۱۰۵ ر ۱۱۰ ر		۱۱۰ ر	۱۱۰ ر	۱۲ ر	۱۹ ر	
جو	۱۱ ر ۱۲ ر		۰	۱۱۰ ر	۸ ر	۱۱۰ ر	
کودی	۰		۰	۰	۱۰۷ ر	۱۹ ر	
عدس	۱۲ ر		۱۲ ر	۱۲ ر	۰	۱۲ ر	
ارہر	۱۰۵ ر ۱۶ ر		۰	۷ ر	۰	۱۴ ر	
برنج	۱۵ ر ۱۰۵ ر		۱۵ ر	۱۰۵ ر	۱۵ ر ۱۰۶ ر	۱۵ ر	
روغن زرد	۸ چھٹانک	—	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۱۰ ر	
روغن سیاہ	۱۰۱ ر		۱ ر	۱۱۰ ر	۱۰ ر	۱۱ ر	
روغن کنجد	۱ ر		۱۰۱ ر	۱ ر	۱ ر	۱ ر	
نمک سانبھر	۱۰ ر		۸ ر	۱۰۱۰ ر	۱۱ ر	۱۱ ر	
نمک لاہوری	۱۶ ر		۱۲ ر	۰	۰	۸ ر	
قند سیاہ	۸ ر ۱۰۶ ر ۸ ر		۱۴ ر	۶ ر	۷ ر	۱۰۵ ر	
باجرہ	۱۰۶ ر ۱۰۶ ر		۸ ر	۸ ر	۹ ر	۸ ر	

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۸
کوتوالی	۳۱	۷	۲۱	۲	۶۱	۵۲	۹	۱۱	۸	۱	۳	۱۶	۱	۲۹	۲۸	۴۵	۱۲	۰	۱	۰	۵۶	۰	۰	۰	۵۸	
گنج	۲۳	۳	۱۸	۴	۴۸	۴۱	۷	۷	۵	۱	۰	۱۴	۱۳	۲۲	۲۰	۳۴	۸	۰	۰	۳۴	۸	۰	۰	۰	۴۲	
[illegible]	۹	۱۳	۸	۹	۳۹	۱۶	۲۲	۱۱	۱۲	۱	۲	۹	۱۰	۲	۲۴	۲۳	۲۲	۰	۰	۴۵	۰	۰	۰	۰	۴۵	
عظیم نگر	۱۸	۲۲	۱۶	۱۴	۶۶	۴۳	۳۵	۱۳	۸	۴	۲	۳۴	۲۰	۵۴	۳۰	۳۹	۴۵	۱	۰	۰	۸۳	۰	۰	۰	۸۴	
شاہ آباد	۱۸	۴۹	۱۲	۴۳	۱۲۲	۲۹	۹۳	۳	۱۲	۱	۲	۲۶	۱۵	۲۵	۲۵	۱۶	۳۸	۰	۰	۰	۵۳	۰	۱	۰	۵۳	
پٹوائی	۴	۳۵	۵	۲۰	۲۴	۹	۵۵	۶	۴	۱	۰	۱۵	۵	۲۵	۱	۱	۳۳	۰	۰	۰	۳۴	۰	۰	۰	۳۴	
ملک	۲	۴۰	۷	۲۳	۴۲	۱۳	۲۳	۱۱	۷	۲	۲	۱۳	۱۱	۲۶	۲۰	۷	۴۱	۰	۰	۰	۴۶	۰	۰	۰	۴۷	
بلاسپور	۲	۱۳	۷	۱۰	۳۶	۱۳	۲۳	۸	۱۵	۱	۰	۴۲	۱۴	۳۲	۳۸	۳	۲۲	۰	۰	۴۱	۲	۰	۰	۰	۴۳	
کیمری	۷	۱۰	۴	۲	۲۳	۱۱	۱۶	۵	۰	۳	۰	۴	۱۲	۱۲	۱۲	۱۳	۱۱	۰	۰	۰	۲۴	۰	۰	۰	۴۲	
سوار	۲۰	۷	۱۰	۸	۴۴	۳۰	۱۴	۲	۴	۱	۳	۱۱	۱۶	۱۸	۲۲	۲۴	[illegible]	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۰	
ٹانڈہ	۲۲	۱۱	۱۱	۲	۴۹	۳۲	۱۸	۸	۴	۳	۴	۱۵	۱۱	۲۲	۱۹	۲۹	[illegible]	۰	۰	۰	۴۵	۰	۰	۰	۴۵	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	۰	۱	۰	[illegible]	

مطبع سرکاری پریس ریاست رامپور